# گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج نمبر 2 ہری پور

## اشتہار برائے کینٹین

## تعلیمی سال 2027-2026

گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج نمبر 2 ہری پور کو کالج اوقات کے دوران کینٹین چلانے کے لیے ایسی خاتون ٹھیکیدار کی ضرورت ہے جو پہلے سے اس کام میں تجربہ رکھتی ہو۔ کینٹین کا کرایہ گورنمنٹ کے متعین کردہ نرخ کے مطابق ادا کرنا ہوگا۔ اسکے علاوہ بجلی کا ماہانہ بل (سب میٹر ریڈنگ کے حساب سے) بھی ٹھیکیدار کو ادا کرنا ہوگا۔ ٹینڈر دستاویزات ٹینڈر شائع ہونے کے بعد سے لیکر مورخہ :22-08-2026 صبح 12 بجے تک وصول کیے جائیں گے۔ جو مورخہ :24-08-2026 دن بوقت 12:00 بجے ٹھیکیداروں کی موجودگی میں کھولے جائیں گے ٹینڈر فارم سربمہر بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک کوریئر سروس بھیجے جائیں۔

دستی کوئی ٹینڈر وصول نہیں کیا جائے گا۔ زیر دستخطی کو اختیار حاصل ہے کہ وہ معقول وجہ کے ساتھ ٹینڈر مسترد کر دیں۔

شرائط:

1۔ کالج ہذا کی طرف سے بجلی اور پانی کی سہولت میسر ہوگی۔ بجلی کا بل ہر ماہ 5 تاریخ تک جمع کروانے کی ذمہ دار ٹھیکیدار ہوگی۔ گیس کے لیے سلنڈر کا بندوبست خود کرنا ہوگا۔

2۔ کینٹین کا ماہوار کرایہ دو ہزار تین سو پچاس (-/2350) روپے ہوگا۔ جو کہ ہر ماہ کی 5 تاریخ تک کالج ہذا میں جمع کروانا ہوگا۔

3۔ معیار مقدار اور نرخ پر سختی سے پابندی ہوگی۔ کالج انتظامیہ وقتاً فوقتاً چیک کرے گی۔ اور شکایت کی صورت میں مکمل کاروائی کرے گی۔

4۔ کینٹین کی الاٹمنٹ کے 3 دن کے اندر مبلغ -/30000 روپے زرِ ضمانت (قابل واپسی) کالج کے اکاؤنٹ میں جمع کروا کر باقاعدہ رسید حاصل کرنا ہوگی۔ ٹھیکیدار کو ایک تحریری معاہدہ مقرر کردہ اسٹامپ پیپر، کالج انتظامیہ کے ساتھ کرنا ہوگا۔ لگاتار دو ماہ کرایہ جمع نہ کرانے کی صورت میں الاٹمنٹ منسوخ ہو جائے گی۔

5۔ کالج میں کام کرنے والی صرف خواتین ہوں گی مرد حضرات کینٹین کے اندر کام کرنے کے مجاز نہیں ہوں گے۔

6۔ ٹھیکہ برائے کینٹین کی مدت ایک تعلیمی سال پر محیط ہوگی جو 1 ستمبر 2026 سے 30 جون 2027 تک ہوگی۔ اور ٹھیکہ کارکردگی کی بنیاد پر قابل توسیع ہوگا۔

7۔ سیکیورٹی خدشات کے باعث ٹھیکیدار کو کالج کینٹین میں کام کرنے والے عملے کی مکمل تفصیلات اور گارنٹی کالج کو فراہم کرنا ہوگی۔ اس کے علاوہ کسی کو کالج کی حدود میں داخل نہیں کیا جائے گا۔

8۔ ٹھیکیدار کینٹین کے اندر سامان رکھنے کے لیے درکار تبدیلی کے ضمن میں کالج انتظامیہ کی اجازت سے کرے گی اور اس کا خرچہ خود برداشت کرے گی۔

9۔ ٹھیکیدار برائے کالج کینٹین کی دوسرے ٹھیکیدار کو فروخت یا منتقل نہیں کر سکے گی۔

10۔ ٹھیکیدار کو کینٹین کے علاوہ کالج کے دیگر انتظامی امور میں کسی قسم کی مداخلت کی اجازت نہیں ہوگی۔

11۔ کالج انتظامیہ کو کسی شرائط کی خلاف ورزی پر ٹھیکہ منسوخ کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ ایسی صورت میں ٹھیکیدار کی تمام جمع شدہ رقم / سیکیورٹی ضبط کر لی جائے گی۔

12۔ ٹھیکیدار کا صوبہ خیبر پختونخواہ کا رہائشی ہونا اور پاکستانی شناختی کارڈ کا حامل ہونا ضروری ہے۔

13۔ ٹینڈر فارم مبلغ -/500 روپے میں کالج ہذا سے دفتری اوقات میں حاصل کیا جا سکتا ہے۔

پرنسپل

گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج نمبر 2 ہری پور

**PRINCIPAL**
**Govt. Girls Degree College No.2**
**Haripur**

منظور شدہ نرخ نامہ برائے کینٹین گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج نمبر2 برائے تعلیمی سال2026-27

| نمبر شمار | نام اشیاء | نرخ |
|---|---|---|
| 1. | 1۔ چناچاول بڑی پلیٹ<br>2۔ چناچاول چھوٹی پلیٹ | |
| 2. | 1۔ چکن بریانی بڑی پلیٹ<br>2۔ چکن بریانی چھوٹی پلیٹ | |
| 3. | 1۔ چناچاٹ بڑی پلیٹ<br>2۔ چناچاٹ چھوٹی پلیٹ | |
| 4. | 1۔ دہی بھلے بڑی پلیٹ<br>2۔ دہی بھلے چھوٹی پلیٹ | |
| 5. | پکوڑے بمع چٹنی فی پاؤ | |
| 6. | بڑا سادہ سموسہ فی عدد | |
| 7. | 1۔ چنا سموسہ چاٹ بڑی پلیٹ<br>2۔ چنا سموسہ چاٹ چھوٹی پلیٹ | |
| 8. | 1۔ شامی برگر<br>2۔ انڈا شامی برگر<br>3۔ شوارمہ | |
| 9. | آلو چپس | |
| 10. | چپلی کباب، شامی کباب، کٹلس | |
| 11. | ریگولر کولڈ ڈرنک | |
| 12. | منرل پانی (چھوٹی بوتل / بڑی بوتل) | |
| 13. | فرش جوش / شیک | |

Note: Dry Items should be from recognized companies.

پرنسپل
گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج نمبر2 ہری پور

PRINCIPAL
Govt. Girls Degree College No.2
Haripur